## پاکستان میں بھی انقلابِ فرانس کی طرز پر انقلاب آئے گا، ایم کیوایم اس انقلاب کی قیادت کریگی۔ الطاف حسین

## ارباب اختیار، مسلح افواج، اسٹیبلشمنٹ اور بیوروکریسی عوام کا ساتھ دینا شروع کردیں

## ملک کو دولت لوٹنے والوں اور قرضہ لیکر معاف کرانے والے لٹیروں کو بھاگنے نہیں دیا جائے گا،

## عزیزآباد میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر انیس احمد قائم خانی کی کتاب ''میرا قائد'' کی تقریب رونمائی سے ٹیلیفون پر خطاب

لندن۔۔۔ 2 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ اب انقلاب پاکستان کا مقدر بن چکا ہے، پاکستان میں بھی انقلابِ فرانس کی طرز پر انقلاب آئے گا، میں ارباب اختیار، مسلح افواج، اسٹیبلشمنٹ اور بیوروکریسی سے کہتا ہوں کہ آپ ابھی سے عوام کا ساتھ دینا شروع کردیں کیونکہ دنیا کی بڑی سے بڑی طاقتور فوج بھی انقلاب کو روکنے میں ناکام ہوئی ہے اور انقلابی کامیاب ہوئے ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار آج خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر انیس احمد قائم خانی کی کتاب ''میرا قائد'' کی تقریب رونمائی سے ٹیلیفون پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں ارکان رابطہ کمیٹی، صحافیوں، دانشوروں، ارکان اسمبلی اور ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان نے شرکت کی۔ تقریب سے اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے انقلاب فرانس کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ فرانس میں صدیوں سے بادشاہت تھی، بادشاہ لوئی کے زمانے میں صورتحال یہ ہوگئی تھی اور مہنگائی اس حد کو پہنچ گئی تھی کہ کوئی بھی شہری ڈبل روٹی خریدنے تک کی استطاعت نہیں رکھتا تھا۔ جب عوام نے اس صورتحال کے خلاف احتجاج کیا تو اس موقع پر بادشاہ کی بیوی ملکہ میری (Mari) نے یہ کہا کہ اگر لوگ ڈبل روٹی نہیں خرید سکتے تو کیک کھائیں۔ ملکہ کے اس جملے نے عوام میں مزید اشتعال پیدا کردیا اور عوام اتنے بیزار ہوگئے کہ 1789ء میں عوام سڑکوں پر آگئے، یہاں سے انقلابِ فرانس کا آغاز ہوگیا اور تین سال میں یعنی 1792ء میں فرانس سے بادشاہت کا خاتمہ ہوگیا۔ جب بادشاہ لوئی نے فرار ہونے کی کوشش کی تو لوگوں نے اسے پکڑلیا اور 1793ء میں بادشاہ کو قتل کردیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان میں بھی صورتحال یہ ہوگئی ہے کہ مہنگائی عروج پر ہے، سیلاب سے تباہی آئی ہے، لوگوں کے پاس کھانا نہیں ہے، کپڑے نہیں ہیں، بھوک وافلاس کی وجہ سے غریب لوگ اپنے بچوں کو فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔ آج کل ٹی وی پر ٹاک شو کررہے ہیں اگر انقلاب آیا تو یہ وڈیرے جاگیردار لوٹی ہوئی قومی دولت لیکر ملک سے بھاگ جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم انقلاب فرانس کی طرز پر انقلاب کی بات کررہی ہے جب وہ انقلاب آئے گا تو ملک کو دولت لوٹنے والوں اور قرضہ لیکر معاف کرانے والے لٹیروں کو بھاگنے نہیں دیا جائے گا، تمام ایئرپورٹس پر انقلابی پہرے دے رہے ہوں گے، یہ لٹیرے پکڑے جائیں گے پھران لٹیروں کو مقدمے چلاکر چوراہوں اور چوکوں پر لٹکایا جائے گا۔ اب انقلاب پاکستان کا مقدر بن چکا ہے، پاکستان میں بھی انقلابِ فرانس کی طرز پر انقلاب آئے گا، میں ارباب اختیار، فوج، اسٹیبلشمنٹ اور بیوروکریسی سے کہتا ہوں کہ آپ ابھی سے عوام کا ساتھ دینا شروع کردیں کیونکہ دنیا کی بڑی بڑی سے طاقت بھی انقلابیوں کو روکنے میں ناکام ہوئی ہے اور انقلابی کامیاب ہوئے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ انقلابِ فرانس کی طرح انقلاب پاکستان ملک کا مقدر بن چکا ہے اور ایم کیوایم اس انقلاب پاکستان کی قیادت کرے گی اور انشاءاللہ رہتی دنیا تک انقلابِ پاکستان کی مثالیں پیش کی جاتی رہیں گی۔ انہوں نے کارکنوں سے کہا کہ آپ ملک میں انقلاب فرانس کی تبلیغ کریں اور جو ملک کی دولت لوٹنے والے کرپٹ سیاستداں ایم کیوایم کے خلاف چلارہے ہیں اور الطاف حسین کے خلاف آرٹیکل 6 کے تحت مقدمہ درج کرنے کی باتیں کررہے ہیں ان کی فکر نہ کریں، آپ نے جاگیرداروں اور لٹیروں کی دُم پر پیر رکھا ہے اسلیئے یہ بلبلارہے ہیں، الطاف حسین مقدمہ سے گھبرانے والا نہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ دنیا کے مختلف ممالک میں جو جمہوری اور انقلابی تحریکیں چلی ہیں جن کی آج مثالیں دی جاتی ہیں، اسی طرح ایم کیوایم بھی ایک انقلابی تحریک ہے اور وہ جن آزمائشوں اور امتحانات سے گزری ہے اتنی آزمائشوں سے کوئی تحریک نہیں گزری، ایم کیوایم آنے والی نسلوں کیلئے ایک مشعل راہ ہے۔ انہوں نے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر انیس احمد قائم خانی کو انکی کتاب پر شاباش اور زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## ''میرا قائد'' لکھنے پر الطاف حسین کی جانب سے انیس احمد قائم خانی کو زبردست شاباش اور خراج تحسین

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر انیس احمد قائمخانی کو ایم کیوایم کی تحریکی جدوجہد پر مشتمل کتاب ''میرا قائد'' لکھنے پر زبردست شاباش اور خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ جمعرات کی شام خورشید بیگم میموریل ہال میں انیس احمد قائمخانی کی مذکورہ کتاب کی تقریب رونمائی سے اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ایک بحثیت ذمہ دار کے کتاب لکھ کر جراتمندانہ کام کیا ہے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی کوان کی کتاب '' میرا قائد'' پر الطاف حسین کا خراج تحسین

## تحریک کے دیگر سینئر رہنماء اور کارکنان بھی اپنی یادداشتوں اور تحریکی جدوجہد کے حوالے سے کتابیں تحریر کریں

لندن۔۔۔ 2 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی کوان کی کتاب '' میرا قائد'' پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔آج خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں کتاب کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ انیس قائم خانی نے اپنی کتاب میں تحریک کے ابتدائی ایام میں پیش آنے والے واقعات اور ابتدائی جدوجہد کا جو ذکر کیا ہے وہ تحریک میں شامل ہونے والے نئے کارکنوں کی معلومات میں مفید اضافہ کریں گے اور نئے ساتھیوں کو معلوم ہوگا کہ ایم کیوایم کو آج اس مقام پر پہنچنے کیلئے کیسے کیسے کٹھن حالات اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔انہوں نے کہا کہ کتاب میں تحریک کی جدوجہد کے مختلف ادوار، گزشتہ تین دہائیوں کے دوران ہونے والے سانحات، تحریک کے خلاف 1992ء میں کئے جانے والے ریاستی آپریشن کے دوران کارکنان وعوام پر ڈھائے جانے والے مظالم بھی تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔اگرچہ انیس احمد قائم خانی کوئی باقاعدہ کالم نگار، شاعر، دانشور یا مصنف نہیں ہیں لیکن انہوں نے تحریک کے ایک پرانے ساتھی کی حیثیت سے اپنے تجربات، مشاہدات اور تحریکی جدوجہد کے دوران رونما ہونے والے حالات وواقعات کو جس طرح قلمبند کیا ہے وہ دیگر ساتھیوں کیلئے بھی ایک مثال ہے۔انہوں نے تحریک کے دیگر سینئر رہنماؤں اور کارکنوں سے بھی کہا کہ وہ بھی اپنی یادداشتوں اور تحریکی جدوجہد کے حوالے سے کتابیں تحریر کریں، یہ کتابیں دنیا بھر میں حقوق سے محروم لوگوں کیلئے رہنمائی کا باعث بنیں گی اور دیگر زبانوں میں بھی ان کے ترجمے ہوں گے۔

## کارکنان اپنی مصروفیات میں سے کچھ وقت نکال کر کتاب تحریر کریں، الطاف حسین

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

قائد تحریک جناب الطاف حسین نے کارکنان خصوصاً سنئیر کارکنوں پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی مصروفیات میں سے کچھ وقت نکال کر تحریک اور تحریکی جدوجہد کے حوالے سے اپنے تجربات خواہ وہ مختصراً ہی کیوں ہوں ضرور کتابی شکل میں لکھیں سب تحریکی ایسا کریں تو ایسی کئی کتابیں منظر عام پر آجائیں گی پھر یہ سب کتابیں ایک بڑی انسائیکلو پیڈیا پر مشتمل ہو جائیں گی۔یہ بات انہوں نے جمعرات کے روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیئر انیس احمد قائمخانی کی کتاب ''میرا قائد'' کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے کی۔انہوں نے کہا کہ کارکنان اپنی معلومات کا اور تجربات میں تحریک کے دیگر کارکنان اور عوام کو بھی شامل کریں۔

## پاکستان میں سیلاب کے باعث الطاف حسین کی 57ویں سالگرہ کی تقریبات منسوخ کردی گئی ہیں، رابطہ کمیٹی

## عوام وکارکنان تقریبات اور تحائف بھیجنے کے بجائے اس رقم سے متاثرین سیلاب کی مدد کریں

## عوام وکارکنان 17، ستمبر کو الطاف حسین کی درازیٔ عمر اور صحت وعافیت کیلئے دعا کریں

لندن۔۔۔2، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر رابطہ کمیٹی نے پاکستان میں سیلاب کی صورتحال کے باعث پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں منائی جانے والی جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی تقریبات منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان سے کہا ہے کہ پاکستان میں تباہ کن سیلاب کی صورتحال اور بھاری جانی ومالی نقصانات کے باعث قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اپنی 57ویں سالگرہ کی تقریب منسوخ کردی ہیں اور کارکنان وعوام، 17، ستمبر کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی تقریبات ملتوی کردیں، کیک نہ کاٹیں، ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پھول اور دیگر تحائف بھیجنے کے بجائے تحائف اور تقریبات میں خرچ ہونے والی رقم سے سیلاب سے متاثرہ مصیبت زدہ خاندانوں کی بھرپور مدد کریں اور اپنے عطیات سیلاب زدگان کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جمع کرائیں۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے کارکنان اور حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ 17، ستمبر 2010ء کو جناب الطاف حسین کی 57ویں سالگرہ کے موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وعافیت کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی جانب سے سیلاب زدگان کیلئے مزید پانچ ہزار پاؤنڈ عطیہ کرنے کا اعلان

## لندن میں فلاحی ادارے SUN سوسائٹی فورانویل اینڈ نیڈی کے ٹیلی تھون کے دوران اعلان

## الطاف حسین کی صاحبزادی افضاء الطاف نے بھی اپنی پاکٹ منی سے دوسو پاؤنڈ سیلاب زدگان کے فنڈ میں عطیہ کئے

## مجھے عید پر کپڑے یا کسی قسم کے تحائف نہ بھیجیں بلکہ اسکی رقم سیلاب زدگان کے فنڈ میں جمع کرائیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔ 2 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سیلاب زدگان کیلئے مزید پانچ ہزار پاؤنڈ عطیہ کرنے کا اعلان کیا ہے ۔ یہ اعلان انہوں نے لندن میں ایک نجی ٹی وی پر فلاحی ادارے SUN سوسائٹی فورانویل اینڈ نیڈی (Society for Unwell and Needy) کے ٹیلی فون کے دوران کیا۔اس موقع پر جناب الطاف حسین کی صاحبزادی افضاء الطاف نے بھی اپنی پاکٹ منی سے دوسو پاؤنڈ سیلاب زدگان کے فنڈ میں عطیہ کئے ۔واضح رہے کہ جناب الطاف حسین اس سے قبل مجموعی طور پر پچاس لاکھ روپے سیلاب زدگان کے فنڈ میں جمع کرا چکے ہیں۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان میں تاریخ کا سب سے بڑا سیلاب آیا ہے جسکے باعث کروڑوں افراد متاثر ہوئے ہیں اور اس بدترین تباہی سے نمٹنا صرف حکومت کے بس کی بات نہیں۔لہٰذا تمام پاکستانی خواہ وہ ملک میں رہتے ہوں یا دیارِ غیر میں،انہیں چاہیے کہ وہ سیلاب سے متاثرہ بھائیوں کی مدد کیلئے آگے آئیں اور اپنے اخراجات میں کمی کر کے سیلاب زدگان کی حتی المقدور مدد کریں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں اپنے ساتھیوں سے بھی گزارش کرتا ہوں کہ آپ عید پر مجھے کوئی کپڑے یا کسی قسم کے تحائف نہ بھیجیں بلکہ اگر آپ کو مجھ سے محبت ہے تو اس کی رقم سیلاب زدگان کے فنڈ میں جمع کرائیں اور عید پر اپنے لئے بھی نئے کپڑے بنانے کے بجائے وہ پیسے بھی سیلاب کے متاثرین کیلئے عطیہ کردیں۔

## مخیّر حضرات اور ملک بھر کے عوام عید کی خوشیوں میں غریبوں اور نادار ضرورتمندوں کو ضرور یاد رکھیں،الطاف حسین

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ارکان رابطہ کمیٹی تمام ذمہ داران اور مخیّر حضرات سمیت ملک بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ عید کے موقع پر اپنی خوشیوں میں غریبوں، نادار وں یتیموں ں اور ضرورتمندوں خصوصاً خواتین اور بچوں کو ضرور یاد رکھیں جو عید کی خوشیاں منانے سے محروم ہیں۔جمعرات کی شام خورشید بیگم میموریل ہال میں انیس احمد قائمخانی کی مذکورہ کتاب کی تقریب رونمائی سے اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ کم از کم یتیم بچوں اور خصوصاً سیلاب زدہ بچوں اور خواتین کو لازمی طور پر عید منانے کیلئے نئے کپڑے، جوتے ،دیگر اشیاءضرورت کو ضرور فراہم کریں تاکہ یہ بھی آپ کی طرح عید کی خوشیوں میں شریک ہوجائیں۔

## پاکستان کے سیلاب زدگان کیلئے امدادی کارروائیوں کیلئے فلاحی ادارے SUN چیریٹی امریکہ

## اوراقوام متحدہ کے ادارے UNHCR کے درمیان معاہدہ

## معاہدے پر SUN کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر عباد الرحمان اور UNHCR کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر مارک بریسلاء نے دستخط کیے

## سیلاب سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے دونوں تنظیمیں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرینگی

ورجینیا۔۔۔2 ستمبر 2010ء

فلاحی ادارے سن چیریٹی یو ایس اے کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق سن چیریٹی یو ایس اے اور پناہ گزینوں کی امداد کیلئے اقوام متحدہ کی ذیلی تنظیم UNHCR کے درمیان پاکستان کے سیلاب زدگان کی امدادی کارروائیوں میں اشتراک کیلئے ایک معاہدہ طے پایا ہے جسکی رو سے پاکستان کے تباہ کن سیلاب سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے دونوں تنظیمیں اپنے وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرینگی ۔معاہدے پر SUN USA کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر عباد الرحمان اور UNHCR کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر مارک بریسلاء نے دستخط کیے۔معاہدے کی تفصیلات بتاتے ہوئے عباد الرحمان نے کہا کہ اس معاہدے کی رو سے دونوں تنظیمیں امدادی کارروائیوں میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرینگی اور اس اشتراک سے امدای کارروائیوں کی رفتار میں گرانقدر اضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایک ایسا ہی معاہدہ خدمت خلق فاؤنڈیشن،ایم کیوایم یو ایس

اے،اور UNHCR کے درمیان 2005 میں پاکستان کے زلزلے کے متاثرین کی امداد کیلئے بھی عمل میں آیا تھا جب UNHCR نے ان دونوں تنظیموں کے ساتھ ملکر کئی خصوصی پروازوں سے تقریباً 3 ملین ڈالرز کا امدادی سامان پاکستان کیلئے روانہ کیا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک ایسے وقت جب متاثرین کیلئے عطیات دینے والوں میں حکومتی اور غیر حکومتی اداروں کو عطیات دینے میں بے اعتمادی کی فضا پائی جاتی ہے SUNCahrityUSA اور UNHCR کے درمیان اس معاہدے سے SUNCahrityUSA پر عوام کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔ دریں اثناء پاکستان کلب یو ایس اے، پاکستان امریکن بزنس ایسوسی ایشن اور دیگر متعدد تنظیموں نے سن چیریٹی یو ایس اے کو اس معاہدے پر مبارکباد دیتے ہوئے اسے دراصل متاثرین کیلئے نیک فال قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ اس معاہدے سے پاکستان کیلئے امریکی عوام میں اعتماد بڑھے گا۔ دونوں تنظیموں کی جانب سے سیلاب سے متاثرین کی امداد کیلئے ایک قومی ٹی وی چینل پر مشترکہ طور پر ایک فنڈ ریزنگ ٹیلی تھون ۴ ستمبر بروز ہفتہ رات ۹ بجے سے ۱۲ بجے تک منعقد ہوگی جس میں معروف شخصیات پاکستانی اور امریکن کمیونٹی سے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے اپیل کرینگے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے کچہ بندر سکھر کے سیلاب سے متاثرہ دوسو زائد خاندانوں میں غذائی اجناس، پینے کا صاف پانی اور دیگر امدادی اشیاء تقسیم کیں،

## زمباوے کے ڈونر وفد نے شکارپور میں ایم کیوایم کی جانب سے طبّی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا اور کیمپ میں موجود مریضوں میں امدادی سامان تقسیم کیا

**سکھر/شکارپور۔۔۔2، ستمبر 2010ء**

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے متحدہ سوشل فورم کے رکن منور علی چوہان، سکھر زونل کمیٹی کے انچارج قطب الدین واراکین کے ہمراہ کچہ بندر سکھر کے سیلاب سے متاثرہ دوسو زائد خاندانوں میں غذائی اجناس، پینے کا صاف پانی اور دیگر امدادی اشیاء تقسیم کیں۔اس سے قبل انہوں نے ارروڑ میں سلطان پور ریلیف کیمپ کا دورہ کیا، امدادی سرگرمیوں وسامان کا جائزہ لیا اور سلطان پور میں سیلاب متاثرین سے ملاقات کرکے تمام متاثرین کو ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی اور متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے رکن رابطہ کمیٹی اشفاق منگی نے کہا کہ ایم کیوایم کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن اب تک 25 کروڑ روپے سے زائد کی مالیت کا امدادی سامان متاثرین میں تقسیم کرچکا ہے اور یہ سلسلہ بدستور جاری ہے۔قبل ازیں رکن رابطہ کمیٹی یوسف شاہوانی نے اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی رشید بھیا کے ہمراہ جیکب آباد میں قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپ کا دورہ کیا اور سیلاب متاثرین سے مکمل ہمدردی کا اظہار کیا۔دریں اثناء زمبابوے کے ڈونر وفد نے شکارپور میں سیلاب زدگان کو طبّی سہولیات کی فراہمی کیلئے قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے طبّی کیمپ کا دورہ کیا اور مریضوں کو طبّی سہولیات کی فراہمی کا بغور جائزہ لیا۔کیمپ میں روزانہ کی طرح سینکڑوں مریضوں کو طبّی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ادویات اور پینے کا صاف پانی فراہم کیا گیا۔اس موقع پر حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی عارف مسیح اور ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان ندیم احمد اور حبیب بلیدی بھی موجود تھے۔زمبابے کے ڈونر وفد نے ایم کیوایم کی جانب سے طبّی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا اور کیمپ میں موجود مریضوں میں امدادی سامان تقسیم کیا۔بعدازاں حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی عارف مسیح نے ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان ندیم احمد اور حبیب بلیدی کے ہمراہ نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سیلاب زدگان کیلئے کچہری روڈ خیر پور پر لگائے جانے والے امدادی کیمپ کا دورہ کرکے متاثرین میں ضروریات کی اشیاء پر مشتمل امدادی سامان تقسیم کیا اور متاثرین سے مکمل اظہار ہمدردی ویکجہتی کا مظاہرہ کیا۔اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سیلاب زدگان کے علاج ومعالجے کیلئے قائم کئے جانیوالے تمام فیلڈ کیمپوں میں ڈاکٹرز اور دیگر پیرامیڈیکل اسٹاف مریضوں کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر شبانہ روز اپنی خدمات پیش کررہے ہیں اور سلسلے میں ان طبی کیمپوں سے ہرازوں کی تعداد مریض فیضیاب ہورہے ہیں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ملک بھر میں سیلاب زدگان کی امداد کا سلسلہ بدستور جاری

کراچی۔۔۔2، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ملک بھر میں سیلاب زدگان کی امداد کا سلسلہ بدستور جاری ہے جبکہ اس سلسلے میں مخیّر حضرات کی جانب سے بڑی مقدار میں غذائی اجناس، پینے کا صاف پانی اور دیگر امدادی سامان خدمت خلق فاؤنڈیشن میں پہنچایا جا رہا ہے۔منگل کے روز میٹکو رائس کے مالک جاوید غوری نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری سے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں ملاقات کی اور پانچ کلوگرام والے چاول کے ایک ہزار بیگس پہنچائیں، مدینہ بیلسنگ گلشن اقبال کے رہائشیوں کے ایک وفد نے بھی سیلاب زدگان کی مدد کیلئے اپنی جانب سے 120 تھیلے راشن اور پینے کا صاف پانی جبکہ رنگون والا ٹرسٹ نے غذائی اجناس کے پچاس بیگس راشن کے عطیہ کیے۔اس موقع پر سید شعیب احمد بخاری نے تمام افراد کا شکریہ ادا کیا۔

## پاکستان 63 برسوں سے ایڈہاک ازم پر چل رہا ہے، ڈاکٹر فاروق ستار، قومی اسمبلی کے ایوان میں خطاب

اسلام آباد۔۔02/ستمبر 2010ء

ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر و قومی اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار نے گزشتہ روز قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ نے جو موقف اختیار کیا ہے وہ اس لیے نہیں کیا کہ موجودہ حکومت کو ختم کیا جائے انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنے موقف میں نظام بدلنے کی بات کی ہے جو 63 سالوں سے ملک میں جو ایڈہاک ازم ہے اس میں چہرے تو بدل رہے ہیں لیکن فرسودہ گلا سڑا جاگیردارانہ نظام جو کہ اس ملک کی جڑوں کو کھوکھلا کر دیا ہے اسے بدلا نہیں جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے یہ بات کی ہے کہ ملک اس وقت غیر معمولی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کے لیے غیر معمولی اقدامات کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ میں یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ایم کیو ایم مسلم لیگ (ن) سمیت کسی بھی سیاسی جماعت سے محاذ آرائی نہیں چاہتی۔ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کہا کہ اس ملک کی دوسری بڑی جماعت کے ایک رہنماء نے سات سال تک ایک حقیقت کو قوم سے چھپایا گیا ہم اس کو بھی زیر بحث لانے کی بات کریں گے اور جس میثاق جمہوریت کی یہاں بات کی جارہی ہے اس کی کھلم کھلا خلاف ورزی کی اور رات کی تاریکی میں چھپ چھپ کر آرمی چیف سے ملاقاتوں کو بھی زیر بحث لایا جائیگا۔انہوں نے کہا کہ اگر مسلم لیگ (ن) کی ایک تحریک استحقاق پر بحث ہوگی تو ہماری بھی دو تحاریک استحقاق زیر بحث لائی جائیگی ورنہ ہم بھی مسلم لیگ (ن) کے ساتھ کسی قسم کی محاذ آرائی نہیں چاہتے، ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ یہاں اپوزیشن لیڈر نے کسی ڈر اور خوف کی جو بات کی تو میں بھی یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں ہم بھی تخت لاہور کی رعایا نہیں ہیں اور ہم بھی تمام صورتحال کا سامنا کرنے کیلئے منطق اور دلائل کے ساتھ بات کرنے کیلئے آئین اور قانون کے اندر رہتے ہوئے جمہوری تربیت کے اندر رہتے ہوئے ہم بھی اپنے موقف بیان کرنے کیلئے تیار ہیں۔انہوں نے کہا کہ نے 18 فروری کو مسلم لیگ (ن) پی پی پی مسلم (ق) سمیت ساری جماعتوں کے مینڈیٹ کو کھلے دل سے تسلیم کیا۔انہوں نے سیلاب کی صورتحال پر بحث کے نظام کار کے حوالے سے کہا کہ ہونا تو یہ چاہئے کہ قومی اسمبلی کے اراکین پر مشتمل ایسی کمیٹی تشکیل دی جائے جو مل کر پورے ملک کے سیلاب متاثرین کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے دورے کرے اور انہیں یہ پیغام دیا جائے کہ مشکل کی اس گھڑی میں پورے ملک کی سیاسی جماعتیں متحد ہو کر آپ کے ساتھ کھڑی ہیں۔

## جاگیردارانہ نظام ملک کیلئے سنگین خطرہ ہے

## بابر غوری نے ایم کیو ایم کی جانب سے سینیٹ میں تحریک استحقاق اور تحریک التواء جمع کروادی

اسلام آباد۔۔02/ستمبر 2010ء

سینیٹ میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر و وفاقی وزیر پورٹ اینڈ شپنگ بابر خان غوری نے ایم کیو ایم کی جانب سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کے خاتمے کیلئے تحریک استحقاق اور تحریک التواء چیئرمین سینیٹ جناب فاروق ایچ نائیک کے پاس جمع کروادی۔جمعرات کے روز جمع کروائی گئی تحریک استحقاق اور تحریک التواء میں ایم کیو ایم نے موقف اختیار کیا ہے کہ جاگیردارانہ نظام سے ملک کی سلامتی کو شدید خطرہ لاحق ہے لہٰذا ملک سے فرسودہ نظام کو جڑ سے ختم کیا جائے۔اس موقع پر بابر غوری کے ہمراہ دیگر اراکین پارلیمنٹ بھی موجود تھے۔

## چوہدری نثار احمد جناب الطاف حسین کے بیان پر عمل کریں اور اپنی قیادت کو بھی اس پر عمل کرنے کا مشورہ دیں، حیدر عباس رضوی

کراچی۔۔۔02/ستمبر 2010ء

قومی اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی نے مسلم لیگ ن کے رہنماء چوہدری نثار احمد کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ میگا کرپشن کے جائزہ کی الطاف حسین کو نہیں بلکہ پانچ ہزار ٹیکس جمع کروانے والے نواز شریف کو ضرورت ہے لہٰذا چوہدری نثار احمد اپنی پارٹی کی قیادت سے دریافت کریں کہ رائے ونڈ کی جاگیر، اتفاق گروپ فاؤنڈیز اور پارک لین کی جاگیریں کہاں سے آئیں۔انہوں نے کہا کہ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ مسلم لیگ کے رہنماء قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیان پر لبیک کہتے ہوئے ان کے مشوروں پر عملی مظاہر کرتے اور کرپٹ سیاستدانوں وفوجی جرنیلوں کے خلاف کاروائی کرنے کیلئے عملی اقدامات کرنے کو کہا جاتا لیکن ایسا نہیں ہوا۔انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کو الطاف حسین کا بیان دل میں درد پیدا ہونے کے مترادف گزرا ہے کیونکہ اس زمرے میں مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کی ایک طویل فہرست ہے یہی وجہ ہے کہ الطاف حسین کے بیان سے مسلم لیگ ن کے رہنماء نہ صرف بری طرح بلبلا اٹھے ہیں جس کے باعث وہ اونگے بونگے بیانات دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا عوام بخوبی واقف ہیں مسلم لیگ ن کے جعلی ڈگریوں شو کرواکر منتخب ہونے والے نمائندے کریڈیٹ کارڈ چوری، قومی خزانے کی لوٹ مار اور قرض اتارو ملک سنوارو اسکیم کا پیسہ ہڑپ کرنے سمیت جرائم کے متعدد کیسز میں ملوث ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے ہمیشہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کی بات کی ہے اور گزشتہ دنوں قومی اسمبلی میں بھی جاگیردارانہ نظام خلاف کرارداد پیش کی ہے لہٰذا یہ وقت میٹنگوں، زبانی دعوؤں اور وعدوں کا نہیں بلکہ میدان عمل میں آنے اور عملی اقدامات اٹھانے کا ہے۔حیدر عباس رضوی نے چوہدری نثار احمد کو مشورہ دیا ہے کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیان کو لبیک کہتے ہوئے نہ صرف خود عمل کریں بلکہ اپنی قیادت کو بھی اس پر عمل کرنے کا مشورہ دیں اور میدان عمل میں آئیں۔

## جو لوگ پاکستان میں دفن ہونا پسند نہیں کرتے وہ دوسرے پر کیسے غداری کا مقدمہ چلا سکتے ہیں، واسع جلیل

کراچی۔۔۔02/ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور مرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماء میاں افتخار حسین کے بیان ''الطاف حسین کے خلاف مقدمہ چلایا جائے کیونکہ انہوں نے فوجی جرنیلوں کو مداخلت کی دعوت دیکر آئین سے غداری کی ہے'' کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں واسع جلیل نے کہا کہ اے این پی کے رہنما آرٹیکل 6 کے تحت قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خلاف کارروائی کا اپنا شوق ضرور پورا کریں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا بیان ملک پر قابض جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں کے خلاف ہے اور اس بیان پر جن کے پیٹ میں درد اٹھ رہا ہے وہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے حامی ہیں اوران کے چہرے اب ایک ایک کر کے ملک بھر کے مظلوم عوام کے سامنے بے نقاب ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام کی جانب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیان کا زبردست خیر مقدم کیا جارہا ہے اور جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی عملی جدوجہد کو سراہا جارہا ہے لہٰذا افتخار حسین اوراے این پی کے دیگر رہنماء قائد تحریک جناب الطاف حسین پر بلا جواز تنقید کرنے کے بجائے اپنے گریبان میں جھانکیں اور اپنا خود احتساب کریں جو لوگ پاکستان میں دفن ہونا پسند نہیں کرتے وہ دوسرے پر کیسے غداری کا مقدمہ چلا سکتے ہیں۔

## قیام امن کیلئے الطاف حسین کا کردار کلیدی ہے، علمائے کرام

## علمائے کرام شہر میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کریں، رابطہ کمیٹی کا علمائے کرام سے ٹیلیفون پر رابطہ

## لاہور میں یوم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے جلوسوں میں بم دھماکوں اور کراچی میں جلوس پر فائرنگ پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔2 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے شہر میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے قیام، بھائی چارگی کے فروغ کیلئے مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام شیعہ عالم دین طالب جوہری، فرقان حیدر عابدی، علامہ علی کرار نقوی ، علامہ مزا یوسف ،عباس کمیلی اور علامہ حسن ظفر نقوی سمیت دیگر سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور لاہور میں یوم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے جلوسوں میں بم دھماکوں اور کراچی میں ایمپریس مارکیٹ کے قریب یوم علی کے جلوس پر مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعات کی

شدید الفاظ میں مذمت کی اوران سے متعدد عزا زادران کی شہادت پر دلی افسوس ودکھ کا اظہار کیا۔لاہور میں بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کی مغفرت،درجات کی بلندی اورسوگوار لواحقین کے صبر جمیل کیلئے دعااور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔رابطہ کمیٹی نے تمام علمائے کرام سے اپیل کی کہ وہ اپنے خطابات کے دوارن شہر میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے عوام کو بھائی چارگی کا درس دیں،شہر میں قیام امن کیلئے اپنا کردارادا کریں اورعوام کے ساتھ مل کر اپنے اتحاد سے ملک دشمن دہشت گردوں کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے علمائے کرام سے گفتگو میں کہا کہ سیلاب کے باعث ملک اس وقت انتہائی صورتحال سے دوچار ہے اسے حالات میں دہشت گردی کے واقعات ملک میں انارکی پھیلانا اورامن وامان کی صورتحال کوخراب کرنا ہے جوقابل مذمت ہے اورمعصوم شہریوں خصوصاً بچوں،خواتین ،بزرگوں کو خاک وخون میں نہلانے والے دہشت گرد انسانیت کے کھلے دشمن ہیں اورایسے انسانیت دشمن عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں۔علمائے کرام نے رابطہ کمیٹی کی باتوں سے اتفاق کیا اور کہا کہ قیام امن،فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارگی کے فروغ کیلئے الطاف حسین نے قلیدی کرارادا کیا ہے جس کوفراموش نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارگی کے فروغ کیلئے اپنی جانب سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔

## حیسکو کی جانب سے شدید گرمی کے دنوں اور ماہ رمضان میں کی جانے والی بلا جواز لوڈشیڈنگ شہریوں پر ظلم ہے،ارکان اسمبلی

حیدرآباد۔۔۔02ستمبر 2010ء

حیدرآباد کے حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی صلاح الدین،سید طیب حسین،اکرم عادل،سہیل یوسف اورسید وسیم حسین نے اپنے مشترکہ بیان میں حیسکو کی جانب سے کی جانے والے غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ اور ادارے کی ناقص کارکردگی کی سخت الفاظوں میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ لطیف آباد قاسم آباد،پریٹ آباد اور حیدرآباد شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی آنکھ مچولی کا عمل حیسکو کی جانب سے ماہ رمضان میں شہریوں وکاروباری افراد کوسزادینے کے مترادف ہے اور بجلی کے تعطل کے باعث شہر کا کاروبار بھی بری طرح متاثر ہورہا ہے انہوں نے کہا کہ حیسکو کی جانب سے شدید گرمی کے دنوں اور ماہ رمضان میں کی جانے والی بلاجواز لوڈشیڈنگ کی وجہ سے نہ صرف اعتکاف ودیگر عبادات میں مصروف لوگوں کو عبادات کی ادائیگی میں دشواریوں کا سامنا ہے بلکہ اس عمل سے رمضان المبارک کے اس رحمت وبابرکت والے مقدس ماہ میں عوام کوسحری وافطاری کی تیاریوں میں مشکلات پیدا کردی ہیں اسکے علاوہ لوڈشیڈنگ نے عوام کیلئے پانی جیسی بنیادی ضرورت کا حصول بھی ایک ایسا خواب بنادیا ہے جسکے لئے لوگ دن رات سرگرداں رہتے ہیں کیونکہ واٹرسپلائی کے اوقات کار میں عموماً بجلی چلی جاتی ہے جبکہ شدید گرمی کے اس موسم میں لوڈشیڈنگ کی بناپرلوگوں کے دن رات کا چین بھی ختم ہوکر رہ گیا ہے انہوں نے کہا کہ حیسکو کی اس ناقص کارکردگی نے عوام کے صبر کے پیمانے کولبریز کردیا ہے اور کسی بھی علاقے میں ہونے والی معمولی نوعیت کی تکنیکی خرابی کو بنیاد بنا کر 4 سے 6 گھنٹے کی غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ نے حالات کو اس نہج پر پہنچا دیا ہے کہ عوام ماہ رمضان میں بھی احتجاج کرنے پر مجبور ہیں اور اگر حیسکو رویہ یہی رہا تو پھر خدانخواستہ شہر میں کوئی امن وامان کا مسئلہ نہ پیدا ہوجائے اب تک تو حق پرست نمائندوں نے اپنی کاوشوں سے شہر میں مشتعل عوام کو پرامن طریقے سے کنٹرول کررکھا ہے لیکن حیسکو کی انتظامیہ نے اپنا قبلہ درست نہ کیا تو عوام کو کنٹرول کرنا مشکل ودشوار ہوجائے گا انہوں نے حیسکو کے افسران سے کہا کہ وہ بلاجواز وغیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کا عمل فوری طور پر بند کریں اور شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کیلئے ادارے کی کارکردگی کو بہتر سے بہتر بنائیں۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔2ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 152 کے کارکن ظفر احمد کی والدہ محترمہ شہیلہ یوسف،ایم کیوایم لائیز ایریا سیکٹر یونٹ 196 کے کارکن ظفر علی خان کی ہمشیرہ فوذیہ ظفر،ایم کیوایم نوشہرو فیروز یونٹ دلیپوڈ کے یونٹ انچارج محمد اسماعیل کے بھائی شمس الدین اورایم کیوایم میرخاص زون کے یونٹ 1/B ارشاد احمد خان کے والد اکرام الدین کمالی کے انتقال پر گہرے رنج وغم اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران لواحقین کو صبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## کارکنان کتاب ''میرا قائد'' غور سے پڑھیں، اجمل دہلوی

## الطاف حسین پاکستان میں انقلاب لائیں گے، انیس قائم خانی

## انیس قائم خانی کی کتاب کی تقریب رونمائی سے مقررین کا خطاب

کراچی۔۔(اسٹاف رپورٹر)

مدیر روزنامہ امن، سابق حق پرست سینیٹر اور ممتاز دانشور اجمل دہلوی نے ایم کیوایم کے سینئر اور ذمہ داروں اور کارکنوں کو زور دیا ہے کہ وہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی کی کتاب ''میرا قائد'' کو غور سے پڑھیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے قیادت پر مضبوط ایمان اور نظم وضبط کو برقرار رکھیں۔انہوں نے کہا کہ خصوصی طور پر ایم کیو ایم کے نئے کارکنوں کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا ان سے محبت کا رشتہ پرانا ہے اور یہ پہلے کی طرح آج بھی موجود ہے یہ بات انہوں نے جمعرات کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں انیس احمد قائم خانی کی کتاب ''میرا قائد'' کی تقریب رونمائی سے اپنے صدارتی خطاب میں کہی۔اس سے قبل صاحب کتاب انیس احمد قائم خانی نے اپنی تصنیف کتاب اجمل دہلوی کو پیش کی۔تقریب سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بھی خطاب کیا جبکہ تقریب میں دیگر کے علاوہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے تمام اراکین، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی وفاقی وصوبائی وزراء ومشیران اور مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان سمیت شائقین ادب کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔اجمل دہلوی نے کہا کہ انیس احمد قائم خانی کی یہ پہلی کتاب ہے ممکن ہے کہ انہوں نے پہلے مضامین تک نہ لکھیں ہوں انہوں نے تحریک میں اپنی آمد کے بعد جو کچھ جناب الطاف حسین کی شخصیت میں اور تحریک کے بارے میں دیکھا اسے اپنی کتاب میں قلم بند کردیا۔انہوں نے کہا کہ 18 سال سے نئے کارکنوں نے اپنے قائد کو نہیں دیکھا تاہم وہ اپنے قائد کو خبروں میں دیکھتے ہیں اور اخبارات میں پڑھتے ہیں بہت کم لوگوں کو معلوم ہے کہ لندن میں جناب الطاف حسین اپنا وقت اور شب وروز کیسے گزارتے ہیں جناب الطاف حسین کے ایک انتہائی ذمہ دار اور وفادار ساتھی انیس احمد قائم خانی نے پہلی بار قلم اٹھایا اور بتایا کہ لندن اور لندن جانے سے پہلے جناب الطاف حسین کے کیا شب وروز تھے۔انہوں نے اپنی کتاب میں یہ بھی بتایا کہ جناب الطاف حسین کی اپنے کارکنوں کیلئے جو پیار اور محبت ماضی میں تھا وہ آج بھی ہے۔صاحب کتاب انیس احمد قائم خانی نے کہا کہ آج کا دن میرے لئے باعث مسرت ہی نہیں بلکہ صد افتخار بھی ہے کیونکہ آج میں نے اپنے قائد جناب الطاف حسین کی ایک ہدایت پوری کردی ہے ان کی ہدایت تھی کہ میں تحریک کے حوالے سے کچھ لکھوں مجھ سمیت ایم کیوایم کے ہر کارکنوں پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ جناب الطاف حسین کی ایک ایک ہدایت پر عمل کرے جناب الطاف حسین نے کہا تھا کہ میں یہ کتاب ضرور لکھوں کیونکہ اگر تحریکی جدوجہد پر نہیں لکھا جائے گا تو آنے والے نسلوں کو یہ کیسے پتہ چلے گا کہ ہماری تحریک کیسے پروان چڑھی اور کیسے جاری ہے۔انیس احمد قائم خانی نے کہا کہ میں آج اتنی بڑی سیاسی جماعت ایم کیوایم کا ڈپٹی کنوینر ہوں جناب الطاف حسین کا یہی کمال ہے کہ جسے لکھنا نہ آئے اسے لکھنا سکھا دیتے ہیں جس کو پڑھنا نہ آئے اسے پڑھنا سکھا دتے ہیں اور جسے بولنا نہ آئے اسے بولنا سکھا دیتے ہیں یہی الطاف حسین کمال ہے لوگ کہتے ہیں کہ پاکستان میں انقلاب کیوں اور کہاں سے آئے گا ہم کہتے ہیں کہ انقلاب آئے گا ضرور آئے گا اور الطاف حسین کے 120 گز کے گھر سے آئے گا۔انہوں نے کہا کہ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ الطاف حسین آخر پاکستان کیوں نہیں آتے وہ اس کتاب کو پڑھ کر دیکھ لیں تو انہیں پتا چل جائے گا کہ الطاف حسین کوئی وڈیرہ، جاگیردار یا سرمایہ دار نہیں ہے۔جناب الطاف حسین کو خود کارکنوں نے پاکستان سے بھیجا تھا اور کہا تھا کہ وہ باہر رہ کر ہماری رہنمائی کریں۔انہوں نے واضح کیا کہ الطاف حسین ہی میرا قائد ہے میرا مرنا میرا جینا الطاف حسین ہے، جب تک زندگی ہے الطاف حسین ہی میرے قائد ہوں گے۔رابطہ کمیٹی کی رکن محترمہ نسرین جلیل نے اپنے خطاب میں کہا کہ میرا قائد لکھنے پر مجھے انیس احمد قائم خانی پر رشک آرہا ہے کیونکہ انہوں نے یہ کتاب لکھ کر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر عمل کردیا ہے۔میرا قائد پڑھ کر سب کو یہ اندازہ ہوجائے گا کہ یہ نا صرف حقائق پر مبنی ہے بلکہ یہ جناب الطاف حسین سے محبت کرنے والے ان کے ایک ساتھی نے لکھی ہے۔انہوں نے کہا کہ کتاب پڑھ کر ہمیں قائد تحریک کی سوچ اور نظریہ سے مزید آگاہی حاصل ہوئی ہے خاص طور پر اس کتاب میں جناب الطاف حسین کی تعلیمات اور شخصیت کو اجاگر کیا گیا ہے اس کتاب سے کارکنوں کے علم اور الطاف حسین کی شخصیت کے بارے میں سے واقفیت بھی ہوگی۔محترمہ نسرین جلیل نے کہا کہ انقلاب فرانس کی چاپ اب صاف سنائی دے رہی ہے جناب الطاف حسین جیسا بے لوث انسان ملکی قیادت کیلئے پھر نہیں ملے گا۔رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق ناظم کراچی مصطفیٰ کمال نے اپنے خطاب میں کہا کہ تحریک کے 32 سالوں میں ایم کیوایم اور اس کے رہنماؤں اور کارکنوں کے ساتھ جو کچھ ہوا اس سے عوام آگاہ نہیں ہیں ہماری تحریک پر بڑے بڑے مظالم ڈھائے گئے اور سازشیں کیں گئیں۔جناب الطاف حسین کے 90 فیصد ساتھیوں کو شہید کردیا گیا یا ان کو راہ راست سے ہٹادیا گیا اس کتاب میرا قائد ایم کیوایم اور اس کے ہمدردوں کیلئے بہت ساری باتیں ہیں جو ان کی آنکھیں کھول دینے کیلئے کافی ہے۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ایم کیوایم نے گزشتہ 32 سالوں میں جو جدوجہد کی ہے اور کامیابی حاصل کی ہے کوئی اور 100 سال تک نہیں کرسکتا، اللہ تعالیٰ کو الطاف حسین سے اس خطہ کی بہتری کیلئے کوئی بڑا کام لینا ہے، الطاف حسین کے فکر اور نظریہ سچا ہے انیس احمد قائم خانی نے پوری سچائی کے

ساتھ جناب الطاف حسن کے تحریکی جدوجہد پر روشنی ڈالی ہے میں انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی نے کہا کہ انیس احمد قائم خانی جناب الطاف حسین کا جانثار ساتھی ہے اور بچپن سے ان کے ساتھ ہے ان کی کتاب اعتبار کے قابل ہے اسے ضرور پڑھا جائے یہ ایک اچھی تصنیف ہے اور صاحب کتاب نے اسے لکھ کر اپنا ایک فرض ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا 90 فیصد لٹریچر خود جناب الطاف حسین کا تحریر کردہ ہے جس تحریک کا قائد خود دانشور ہو اس کے کارکن بھی پڑھے لکھے ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنوں کی بڑی تعداد۔شعراء اور ادباء پر مشتمل ہے۔متحدہ سوشل فورم کے جوائنٹ انچارج غازی صلاح الدین نے صاحب کتاب کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ بھی آج سے قلم قبیلے کے ایک رکن بن گئے ہیں۔انہوں نے اپنی کتاب میں کسی کو نشتر نہیں مارا بلکہ جناب الطاف حسین کی سیاسی وسماجی شخصیت اور جدوجہد کا خاص طور پر ذکر کیا ہے۔اس طرح سیاسی کارکنوں کی جذبات کی ترجمانی کی ہے۔انہوں نے کہا کہ کاش ماضی میں ذوالفقار علی بھٹو کے بجائے قائد تحریک جناب الطاف حسین ہمارے لیڈر ہوتے تو ہم منزل تک پہنچ جاتے اور ہمارے سارے خواب شرمندہ تعمیر ہوجاتے۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کو پاکستان بلاکر ایک نیا کھیل کھیلا جارہا ہے جس طرح بینظیر بھٹو کے ساتھ کھیلا گیا ہے۔ہم جناب الطاف حسین کی اسی طرح حفاظت کریں گے جس طرح ہم اپنے دلوں میں انقلاب کی حفاظت کررہے ہیں۔ممتاز مصنفہ اور ڈرامہ نگار فاطمہ ثریا بجیا نے کہا کہ کلام پاک میں دریاؤں کا رخ موڑ کر غریبوں کو تباہ کرنے والے ظالموں کا ذکر واضح طور پر موجود ہے قرآن کے ایک سورۃ کہا گیا ہے جو لوگ ایسا کرتے ہیں اور خوشیاں مناتے ہیں ہم ان پر عذاب نازل کریں گے میں کہتی ہوں کہ حالیہ سیلاب بھی ایک عذاب ہے۔بجیا نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے حال ہی میں دریاؤں کا رخ غریبوں کی طرف موڑنے والوں کی مذمت کی ہے،کلام پاک میں پندرہ سو سال قبل یہ بات کہہ چکا ہے۔مجھے حیرت ہے کہ جناب الطاف حسین نے بھی یہی بات کی ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ جناب الطاف حسین کی اس فکر کو عام کیا جائے۔شاعر خواجہ رفیق انجم نے کہا کہ انیس احمد قائم خانی نے اپنی کتاب میں جس شخصیت کا ذکر کیا ہے وہ مجسم فکر ہے اس کتاب میں دیے گئے تذکرے اس تحریک کیلئے ہے جس کی آبیاری شہید کارکنوں نے اپنے خون سے کی ہے۔انہوں نے کہا کہ انقلاب دروازے پر دستک نہیں دے رہا ہے تاہم اس کا رچاؤ ہم ضرور دیکھ رہے ہیں جناب الطاف حسین ہر غریب کا لیڈر رہے یہ بات اور ہے کوئی مانے یا نہ مانے۔

## لیبر ڈویژن سیسی یونٹ کے کارکن دانش علی کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔2 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لیبر ڈویژن سیسی یونٹ کے کارکن دانش علی کی شہادت دلی رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے دانش علی شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا ہے کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ دانش علی شہید کی مغفرت فرمائے،ان کے درجات کو بلند کرے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے سیسی یونٹ کے کارکن دانش علی کو فائرنگ کرکے شہید کردیا

کراچی۔۔۔2 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن سیسی یونٹ کے سابق سب یونٹ کمیٹی کے رکن دانش علی کو مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے شہید کردیا۔تفصیلات کے مطابق دانش علی سیسی جونیئر کلرک تھے اور وہ جمعرات کے روز بنارس پل کے قریب واقع اپنے آفس میں معمول کے مطابق اپنی ڈیوٹی انجام دے رہے تھے کہ مسلح دہشت گرد ان دفتر میں آکر ان پر اندھادھند فائرنگ کرکے فرار ہوگئے،جس سے دانش علی شدید زخمی ہوگئے انہیں فوری طور پر طبّی امداد کی فراہمی کیلئے عباسی شہید اسپتال لیجایا جارہا تھا کہ وہ زخموں کی تاب نہ لاکر راستے میں ہی شہید ہوگئے۔دریں اثناء ایم کیوایم رابطہ کمیٹی نے دانش علی کو مسلح دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کرکے شہید کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعے کو شہر کا امن خراب کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ امن دشمن جرائم پیشہ عناصر شہر کا امن تباہ کرنے کیلئے ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کو مسلسل ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنارہے ہیں اور ٹارگٹ کلنگ میں دانش علی کی شہادت بھی اس سلسلے کی کڑی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے دانش علی شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ دانش علی شہید مغفرت اور انہیں اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔رابطہ کمیٹی نے صدر پاکستان،وزیراعظم اور وفاقی وزیر داخلہ سے مطالبہ کیا کہ دانش علی کی شہادت کا نوٹس لیا جائے اور ٹارگٹ کلنگ میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے۔

☆☆☆☆☆